عارضی (آسامیاں) خالی ہیں

محکمہ اسکول ایجوکیشن، حکومت بلوچستان، صوبے کی تمام اضلاع کے بند سکولوں کو کھولنے اور سکول سے باہر بچوں کو سکولوں میں داخل کرانے اور سکولوں میں اساتذہ کرام کی کمی کو دور کرنے کیلئے محکمہ سکول ایجوکیشن بلوچستان کی منظور شدہ ریکروٹمنٹ پالیسی 2024ء (عارضی تعیناتی) کی روشنی میں محکمہ اسکول ایجوکیشن میں اساتذہ کے گریڈ 09 تا 15 کی آسامیوں کو کنٹرکٹ کی بنیاد پر پُر کرنے کیلئے ضلع زیارت کے لوکل/ ڈومیسائل اہل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ ایم سی/ یوسی وائز آسامیوں کی تفصیل حسب ذیل ہیں۔

نمبر شمار	نام یوسی/ایم سی	جی ای ٹی		بے وی ٹی	
		میل	فی میل	میل	فی میل
1	یوسی بغاؤ	1			1
2	یوسی کاڑہ	-			1
3	ایم سی سنجاوی	1		2	
4	یوسی سارو	2		1	
5	یوسی منہ	1		3	
6	یوسی سیجزئی	1			
7	یوسی زندرہ	2		1	
8	یوسی کواس	2			
9	ایم سی زیارت	2	1	1	1
10	یوسی کچھ	1			
11	یوسی پوئی	1			
12	یوسی ریگوڑہ	2			
13	یوسی زیارت	1			
14	معذور کوٹہ	1			
15	اقلیتی کوٹہ	1			
	میزان	19	1	8	3

نمبر شمار	آسامی کا نام بمعہ گریڈ	بنیادی تعلیمی قابلیت
1	ایلیمنٹری سکول ٹیچر (EST (B-15	بیچلر ڈگری (اونرز) کم سے کم فرسٹ ڈویژن (ایجوکیشن میں) 4 سالہ/ BS ایجوکیشن کسی متعلقہ ادارے سے یا بیچلر ڈگری (ایجوکیشن) فرسٹ ڈویژن بمعہ بی۔ ایڈ (B.Ed) کسی متعلقہ ادارے سے
2	جونیئر انگلش ٹیچر (B-14)(JET)	بیچلر ڈگری (اونرز) کم سے کم فرسٹ ڈویژن (ایجوکیشن میں) 4 سالہ/ BS ایجوکیشن کسی متعلقہ ادارے سے یا بیچلر ڈگری (ایجوکیشن) فرسٹ ڈویژن بمعہ بی۔ ایڈ (B.Ed) کسی متعلقہ ادارے سے
3	جونیئر انگلش ٹیچر ٹیکنیکل (B-14)(JET-Tech)	بیچلر ڈگری فرسٹ ڈویژن کسی متعلقہ ادارے سے اور ایک سالہ ٹریننگ ڈپلوما ایگریکلچر ٹیچرز ٹریننگ سینٹر
4	جونیئر عربک ٹیچر (B-14) (JAT)	گریجویشن فرسٹ ڈویژن بمعہ عربی مضمون اور عربک ٹیچر ٹریننگ سرٹیفکیٹ (ATTC) کسی متعلقہ ادارے سے یا شہادت العالیہ فرسٹ ڈویژن (مساوی بیچلر ڈگری) از وفاق المدارس بمعہ تنظیم المدارس یا HEC سے منظور شدہ ادارے سے بمعہ عربک ٹیچر ٹریننگ سرٹیفکیٹ (ATTC) کسی متعلقہ ادارے سے یا سند درس نظامی فرسٹ ڈویژن از منظور شدہ ادارے سے بمعہ عربک ٹیچر ٹریننگ سرٹیفکیٹ (ATTC) کسی متعلقہ ادارے سے
5	فزیکل ایجوکیشن ٹیچر (B-14)(PET)	بیچلر ڈگری فرسٹ ڈویژن کسی متعلقہ ادارے سے بمعہ ڈپلومہ فزیکل ایجوکیشن فرسٹ ڈویژن
6	ڈرائنگ ماسٹر (B-14)(DM)	بیچلر ڈگری فرسٹ ڈویژن بمعہ ڈرائنگ سرٹیفکیٹ کسی متعلقہ ادارے سے یا ڈرائنگ ماسٹر سرٹیفکیٹ یا انٹرمیڈیٹ ڈرائنگ گریڈ سرٹیفکیٹ
7	جونیئر ورنا کیولر ٹیچر (B-09)(JVT)	ہائیر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (HSSC) کم سے کم فرسٹ ڈویژن کسی متعلقہ بورڈ سے اور پرائمری ٹیچر سرٹیفکیٹ (PTC)/ بیچلر آف ایجوکیشن (B.Ed) کسی متعلقہ ادارے سے/ ایسوسی ایٹ ڈگری (2 سالہ) ایجوکیشن میں (ADE)/ بیچلر ڈگری (اونرز) ایجوکیشن (4 سالہ) کسی متعلقہ ادارے سے
8	معلم القرآن (B-09)(MQ)	ہائیر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (HSSC) کم سے کم فرسٹ ڈویژن (جید الجدین) کسی متعلقہ بورڈ سے اور سند (مساوی F.Sc/F.A) وفاق المدارس، تنظیم المدارس کم از کم فرسٹ ڈویژن (جید الجدین) یا محکمہ تعلیم کے کسی متعلقہ ادارے سے یا سند (الشہادت الثانویہ خاصہ) کم از کم فرسٹ ڈویژن (جید الجدین) کسی متعلقہ ادارے سے

ضروری ہدایات شرائط و ضوابط:۔ (1) صرف مطلوبہ تعلیمی قابلیت رکھنے والے امیدوار درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔ (2) متعلقہ ڈسٹرکٹ کے لوکل/ ڈومیسائل حامل امیدوار درخواست جمع کروانے کے اہل ہونگے۔ (3) عمر کی کم از کم حد 18 سال ہے۔ (4) سرکاری ملازمین اپنے محکمہ کے توسط سے درخواستیں ارسال کریں۔ (5) تمام ریکروٹمنٹ خالصتاً حکومت بلوچستان سے منظور شدہ ریکروٹمنٹ پالیسی 2024ء (عارضی تعیناتی) کے تحت ہوگی۔ بلوچستان گورنمنٹ اور سیکنڈری ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے دیگر قوانین/ پالیسی/ نوٹیفکیشن جو ریکروٹمنٹ پالیسی 2024ء (عارضی تعیناتی) سے متصادم ہوں، اس ریکروٹمنٹ پر قابل عمل نہ ہونگے۔ (6) آسامیاں متعلقہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سے موصول شدہ معلومات کے مطابق مشتہر کی جارہی ہیں لہٰذا صرف دفاتر سے موصول شدہ معلومات کے مطابق درخواست موصول کی جائینگی اور اس میں کسی بھی قسم کا ردوبدل قابل قبول نہ ہوگا۔ (7) تصدیق شدہ خالی آسامیوں کی یونین کونسل فہرست محکمہ تعلیم اور حکومت بلوچستان کی ویب سائٹ www.balochistan.gov.pk اور www.emis.gob.pk پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔ (8) شہری علاقوں کی میرٹ لسٹ میٹروپولیٹن، میونسپل کارپوریشن اور میونسپل کمیٹی کی حدود کے مطابق ہوگی جبکہ دیہی علاقوں کی میرٹ لسٹ یونین کونسل وار مرتب ہوگی۔ (9) معذور افراد کا کوٹہ اور اقلیتی کوٹہ کی علیحدہ علیحدہ میرٹ لسٹ ضلع کی سطح پر مرتب ہوگی معذور افراد محکمہ سوشل ویلفیئر کی جانب سے جاری کردہ معذور سرٹیفکیٹ کی بنیاد پر درخواست جمع کروانے کے اہل ہونگے اور کوئی ایسی معذوری قابل قبول نہ ہوگی جو تعلیمی عمل کو متاثر کرتی ہو۔ (10) میٹروپولیٹن، میونسپل کارپوریشن، میونسپل کمیٹی، یونین کونسل اور تحصیل کی حدود کا تعین محکمہ لوکل گورنمنٹ کے مروجہ نوٹیفکیشن کے مطابق ہوگا۔ (11) میرٹ صرف تصدیق شدہ خالی آسامیاں جو مشتہر کی گئی ہیں کی بنیاد کا اختیار محکمہ سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ بلوچستان کے پاس ہوگا۔ (12) 5% (پانچ فیصد) معذور اور 5% (پانچ فیصد) اقلیتی کوٹہ حکومتی قوانین کے مطابق ضلع وار عہدہ وار (میل و فی میل علیحدہ علیحدہ) آسامیاں کے مطابق مختص ہیں۔ محکمہ تعلیم اور حکومت بلوچستان کی سائٹس www.balochistan.gov.pk اور www.emis.gob.pk پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔ (13) سلیکشن کی صورت میں امیدوار کو ضلعی سلیکشن کمیٹی کے مطابق متعلقہ تعلیمی اداروں کے تصدیق شدہ اسناد کی چار (4) کاپیاں اور ایک حلفیہ بیان کہ اس کے تعلیمی/ دیگر اسناد و کاغذات بوگس، جعلی ڈگری، HEC سے غیر منظور شدہ ادارہ سے ہونے کی صورت میں نااہل تصور ہوگا اور اس کی ملازمت بلا کسی نوٹس کے کسی بھی وقت برخاست کی جاسکے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور ان کیخلاف قانونی کارروائی کی جائیگی۔ (14) یہ میرٹ لسٹ صرف ایک مرتبہ ریکروٹمنٹ کیلئے موثر ہوگی۔ (15) شادی شدہ خواتین امیدوار صرف اپنے خاوند کے لوکل/ ڈومیسائل کی بنیاد پر درخواست جمع کروانے کی اہل ہونگی، شادی شدہ خواتین امیدواروں کی درخواست والد کے لوکل/ ڈومیسائل پر کسی صورت قابل قبول نہ ہوگی۔ خاوند کے لوکل/ ڈومیسائل میں نام درج نہ ہونے کی صورت میں NADRA کا جاری شدہ کمپیوٹرائزڈ نکاح نامہ/ شوہر کے نام سے منسوب شناختی کارڈ منسلک کرنا ہوگا۔ ورنہ غلط بیانی کی صورت میں کسی بھی وقت نااہل تصور ہوگی۔ (16) امیدوار کی سکونت کا تعین (اول) ایک لوکل/ ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کے ایڈریس (دوئم) CNIC پر درج مستقل پتہ کی بنیاد پر کیا جائیگا۔ (17) ہر آسامی کیلئے مطلوبہ بنیادی تعلیمی قابلیت کے حامل امیدوار درخواست جمع کروانے کے اہل ہونگے، (18) محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کسی ایک یا تمام آسامیوں پر منظوری یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

Ranking Criteria or Weightage Formula for the post and preparation of final merit list

Merit	Marks
Weightage of prescribed Academic Qualification **Case 1:** JVT /MQ (SSC /Matric Marks = 40%, HSSC / Inter Marks = 40%) **Case 2:** EST / JET / PET / JDM / JAT (SSC / Matric Marks = 20%, HSSC / Inter Marks = 20%, Bachelor's Degree Marks = 40%)	**80%**
Weightage for prescribed Professional Qualification (1st Division 20 marks, 2nd & Other Division 10 Marks)	**20 %**
Total Merit Marks	**100 %**

نوٹ:۔ ☆ بنیادی اہلیت کیلئے امیدواروں کے مجموعی نمبر 50% ہونگے۔ ☆ 50% فیصد نمبر حاصل کرنیوالے امیدوار فائنل میرٹ کیلئے تصور شمار ہونگے۔ ☆ ADE / BS (Education) / B.Ed. (Hons) ڈگری ایکٹیک اور پروفیشنل دونوں تصور کئے جائینگے۔ ☆ عارضی تعیناتیوں کو جلد از جلد پُر کرنے اور میرٹ کو یقینی بنانے کیلئے کوئی ٹیسٹ اور انٹرویو نہیں لیا جائیگا۔ یہ عارضی تعیناتی 18 ماہ کیلئے ہوگی۔ 18 ماہ بعد بہتر کارکردگی کیلئے بنیاد پر کنٹریکٹ کی مدت بڑھائی جاسکتی ہے۔ مذکورہ بالا تعیناتیوں کا جائے تعیناتی سے کسی دوسری جگہ منتقلی (ٹرانسفر) نہیں ہوسکے گا۔

درخواست دینے کا طریقہ کار (1) تمام خواہشمند امیدواران اپنی درخواست بمعہ تعلیمی اسناد/ کاغذات متعلقہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کے دفتر میں جمع کروائیں گے (2) سرکاری، نیم سرکاری، خودمختار ادارے سے وابستہ ملازمین محکمانہ توسط سے درخواست ارسال کریں (3) کوئی بھی فارم آخری تاریخ گزرنے کے بعد قابل قبول نہ ہوگا اور نہ ہی ادارہ دیر سے جمع ہونے والے فارم کا ذمہ دار ہوگا۔ درخواست جمع کرنے کی آخری تاریخ **25 اکتوبر 2024ء** ہے

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر زیارت

PRQ No 1424/10-10-2024

BALOCHISTANROZGAR.COM